WINTER IS COMING MIGHT BE YOU WOULD LIKE TO ENJOY A GAME OF
CAROM BOARD
WITH FAMILY & FRIENDS
[illegible] CALL (416)921 [illegible]
IF NO ANSWER
[illegible] YOUR PHONE [illegible]

ممتا کی چوٹ

نسیمہ کی بڑی پرانی خواہش اب پوری ہوئی تھی اس کا شوہر قادر ایک معمولی سرکاری ملازم تھا اور ... سارا ...
قادر ... کی ترقی ہوئی تو انہیں بھی چھوٹا سا کوارٹر بھی رہنے کو ملنے لگا۔ جانے کتنے برس گھڑیاں گن گن کر اس روز کی منتظر تھی اور آج وہ نئے کوارٹر میں آ گئے تھے۔ نسیمہ کو اپنے دیرینہ خواب کی حسین تعبیر مل گئی تھی یہ ایک معمولی چھوٹا سا کوارٹر تھا کہ صرف ایک، دو برآمدے، ایک بیرونی ایک اندرونی، باورچی خانہ، غسل خانہ، چھوٹی سی کوٹھری اور ایک چھوٹا سا صحن۔ مگر نسیمہ اس معمولی کوارٹر کو محل سمجھ رہی تھی۔ جھونپڑی میں رہتے رہتے پہلی بار کوارٹر کی شکل دیکھی تھی سارا دن وہ ماری ماری پھرتی کبھی کمرہ دیکھتی کبھی باورچی خانے کا جائزہ لیتی اور کبھی کوٹھری میں خواہ مخواہ گھسی جاتی۔

نئے کوارٹر میں سب کچھ آرام دہ تھا بس ایک مصیبت گلے لگ گئی تھی نسیمہ کے اور وہ تھیں ننھی ننھی ادھر سے ادھر پھدکتی چڑیاں۔ اس کا کوارٹر تین طرف سے درختوں سے گھرا ہوا تھا اور ان درختوں پر بے شمار چڑیاں رہتی تھیں جو سارا دن نسیمہ کے گھر کی منڈیروں پر برتنوں پر ادھر ادھر پھدکتی اور بیٹ کرتی پھرتی تھیں۔ نسیمہ کی فطرت ابتدا سے ہی بڑی صفائی پسند تھی وہ جھونپڑی میں رہتی تھی جب بھی سارا دن کچے صحن کی مٹی کو مسلسل جھاڑ جھاڑ کر سرے سے ختم کرنے کی کوشش کرتی تھی۔ تھوڑی سی چیزیں تھیں مگر وہ انہیں بڑے ڈھنگ سے اور صاف ستھرے طریقے سے رکھتی تھی۔ ابھی کوارٹر میں آتے وقت اس نے اپنی نہ جانے کب سے جمع کی گئی پونجی سے کچھ رقم نکال کر چند نئی چیزیں لیا بھی خریدی تھیں مثلاً ایک چھوٹی سی تختی، ورنہ جھونپڑی میں تو پالتی سے ہی کام چل جاتا تھا۔ ایک دو چادریں، نئی چٹائی اور کچھ ام چینی کے برتن تھیں وہ چیزیں جو اس نے کوارٹر میں آنے کے لئے ... خریدی تھیں۔ اور اسے اتنی کوفت ہوتی جب چڑیاں ... کی چھوٹی سی تختی کے ڈھکن اور اطراف پر گلکاریاں کر کے جاتیں اور باورچی خانے کو الگ گندہ کرتی رہتیں۔ باورچی خانے میں دروازے کے علاوہ ایک روشندان بھی تھا جس سے چڑیوں کی آمد و رفت جاری رہتی اگر نسیمہ جل کر وہاں کا دروازہ بند کر دیتی تب بھی کھلا روشندان چڑیوں کی پذیرائی کرتا رہتا۔

اس گھر میں ہر طرح کا آرام ہونے کے باوجود یہ چڑیوں کی مصیبت اس کے لئے جی کا جنجال بن کر رہ گئی تھی وہ باورچی خانے کو شیشے کی طرح چمکا کر باہر نکلتی اور دروازے کو مضبوطی سے بند کر دیتی۔ مگر کچھ دیر بعد جب وہ پھر کسی کام سے ادھر جاتی تو وہاں کی حالت دیکھ کر اس کا دل خون کے آنسو رو دیتا ـــ فرش پر جا بجا چڑیوں کی بیٹ، تنکے، روئی کے پھاہے، گھاس پھوس اور نہ جانے کیا کیا الا بلا بکھری پڑی ہوتی۔ یہی حال دیواروں میں لگے تختوں، چولہوں اور برتنوں کا ہوتا۔ وہ دوبارہ سارے برتن صاف کرتی اور پینٹ منٹ بعد پھر وہی نقشہ ہوتا۔

وہ عاجز آ گئی تھی۔ کئی بار اس کا جی چاہا کہ پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے، اس نے قادر سے بھی دو ایک بار اس بارے میں بات کی، مگر وہ ہنس کر ٹال گیا کہ تم بھی کیا بچوں جیسی باتیں کرتی ہو۔ ذرا ذرا سی معصوم چڑیاں بھلا تمہارا کیا بگاڑ سکتی ہیں اور وہ بے چاری چپ ہو گئی تھی۔

نسیمہ کو خدا نے اب تک اولاد جیسی نعمت سے نہ نوازا تھا۔ اس نے کیا کیا نہ جتن کئے تھے کہ خدا ... نیک اولاد عطا کرے ...

... بہتی ... اس کی تابع حیات ہے جو کچھ بھی گھر میں تیار ہو سکتا تھا ... رہی تھی البتہ ایک تمنا سے لڑائی کے جھولے کی دیرینہ تمنا اس کے سینے میں نہ جانے کب سے پرورش پا رہی تھی جو اب پوری ہونے کو تھی اس نے قادر سے شرما شرما کر کہہ ہی دیا تھا کہ کسی نہ کسی طرح بھی انتظام کر کے ایک جھولا تو انہیں لینا ہے اور قادر نے بھی اس کی تائید کی تھی۔

چڑیوں کے مشغلے اور نسیمہ کے مشغلے دونوں ساتھ ساتھ جاری تھے۔ چڑیاں بھی اپنے آنے والے بچوں کے لئے ایک آشیانہ کو مضبوط کرنا چاہتی تھیں۔ چڑیوں کی مسلسل آمد و رفت سے نسیمہ اب تو سخت عاجز آ چکی تھی اور جب سے اس کا پاؤں بھاری ہوا تھا وہ اس مسلسل دوڑ سے تھک گئی تھی۔ ورنہ پہلے تو وہ سارا دن چڑیوں پر نظر جمائے رہتی تھی۔ جہاں انہوں نے باورچی خانے کے اندر گھسنے کی کوشش کی، اور وہ دوڑی ڈنڈا لے کر جس میں جھاڑو بندھی ہوئی تھی کرتا ہے کہ ... ! آخر وہ تھک جاتی اور ان کے حال پر چھوڑ دیتی۔ اب ان چڑیوں کا وجود ناقابل برداشت حد تک کھٹکنے لگا تھا۔

نسیمہ کو کھڑے مسالے کا گوشت بہت پسند تھا اور قادر کو تو بے حد پسند تھا اس لئے آج بہت دنوں بعد اس نے کھڑے مسالے کا گوشت پکایا تھا اس کی اتنی گنجائش کہاں تھی کہ وہ روز روز گوشت، کباب اور کوفتے پکائے کبھی کبھار ہی اس قسم کے شوق کی تکمیل ہو پاتی تھی۔ آج دونوں کا جی شدت سے چاہا، تو قادر نے دفتر جانے سے پہلے گوشت لا دیا تھا اور اس نے بڑے چاؤ اور پوری محنت سے گوشت پکایا تھا۔ گوشت تیار کر کے وہ تھکی ہاری باہر نکلی تو ... کمزوری اور چکر نے اسے بے حال کر دیا اور وہ جا کر برآمدے میں پڑی چٹائی پر آنکھیں موند کر لیٹ گئی۔ قادر ... جب آج جلد آیا تھا وہ گھر میں آیا تو نسیمہ کو آنکھیں بند کئے چٹائی پر بے سدھ پایا وہ فرزہ بر کر اس کے قریب تیز تیز قدموں سے جا پہنچا۔ جھک کر دیکھا تو وہ سو رہی تھی۔ اس نے اطمینان کا سانس لیا ورنہ وہ تو گھبرا کر یہ سمجھ بیٹھا تھا کہ نسیمہ کی طبیعت خراب ہو گئی ہے۔ سوتی ہوئی ... نسیمہ

[illegible]

نسیمہ سلطانی

اسلام نے انسانی زندگی میں دنیا اور دین کا حسین امتزاج پیدا کیا

مادیت کی طرف جھک جانے سے مسلمان کمزور ہو گئے: پروفیسر شہاب

اسلام آباد —— (اے پی پی) سعودی عرب کے سفیر ... پاکستان ... نے کہا ہے کہ اسلامی اتحاد اور یکجہتی کے احیاء ... [illegible]

[illegible]

مسلم لیگ کے لیڈر ڈاکٹر شمس الحق سمیت ۹ سیاسی کارکن قتل کر دیئے گئے

بنگلہ دیش میں سیاسی قتل کی وارداتوں میں اضافہ ہو گیا

ڈھاکہ —— (اے پی پی) بنگلہ دیش میں سیاسی قتل کی وارداتوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ملک کے مختلف حصوں سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ... سیاسی کارکنوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا ... شدید زخمی ہو گئے۔ ... [illegible]

شاہ خالد ... پہنچ گئے

[illegible]

ہم ۲۵ برس میں دنیا کی بڑی طاقت بن جائیں گے: شہنشاہ ایران

برآمدات و درآمدات کے تحفظ کے لیے ایرانی بحریہ میں توسیع کی جائے گی

نیویارک —— ... شہنشاہ ایران نے کہا ہے کہ ایران پچیس سال میں دنیا کے پانچ بڑے ممالک کی فہرست میں شامل ہو جائے گا ... [illegible]

عید الفطر کی خوشی میں مراکشی قیدیوں کی رہائی

رباط —— ... مراکش کے شاہ حسن نے عید الفطر کی خوشی میں ... قیدیوں کی رہائی کا حکم دیا ہے۔ ... [illegible]

Good Citizenship deserves a medal

کیا آپ اونٹیریو میں کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جس نے بغیر کسی معاوضے کی توقع کے، بے غرضی، انسانی ہمدردی اور رحم دلی سے اس صوبے کو رہائش کے لیے بہتر بنایا ہو۔۔۔؟

اسی قسم کے شخص کے لیے اونٹیریو کا اچھی شہریت کا میڈل منظور کیا گیا تھا۔

میڈل حاصل کرنے والوں کا انتخاب اونٹیریو کے شہریوں کی خود مختار مشاورتی کونسل کرتی ہے جس کا اعزازی چیرمین صوبے کے لیفٹیننٹ گورنر ہیں۔

اونٹیریو کے اس میڈل کے لیے کوئی بھی شخص کسی ایک فرد کو نامزد کر سکتا ہے۔ اور نامزدگی کے فارم پتہ ذیل پر لکھ کر منگوائے جا سکتے ہیں۔

Executive Secretary
Advisory Council
Ontario Medal for Good Citizenship
Queen's Park
Toronto, Ontario M7A 1P4

کسی کو نامزد کرنا ہی خود ایک ایسا عمل ہے جو اچھی شہریت کی نشاندہی کرتا ہے۔

ONTARIO MEDAL FOR GOOD CITIZENSHIP

انسانی زندگی خوشی، غم اور حادثات سے عبارت ہے!

مستقبل کے دامن میں کیا ہے؟ اسے دیکھنا ممکن نہیں۔ اس لیئے مستقبل کو روشن بنانے کے لیئے منصوبہ بندی دانشمندی کی دلیل ہے اور بہتر زندگی معاشی منصوبہ بندی کا بہترین ذریعہ ہے۔

... اور وضاحت کے لیئے مجھے خدمت کا موقع دیجیئے اور مستقبل کو ... دور اندیشی کا ثبوت دیجیئے۔

CHILDREN'S EDUCATION AND MARRIAGE PLANS

INCOME PROTECTION PLANS

REGISTERED RETIREMENT [illegible]

MORTGAGE INSURANCE

BUSINESS INSURANCE

OTHER FAMILY PROTECTION PLANS

A. QAYYUM FARANI

SunLife OF CANADA

SUN LIFE ASSURANCE COMPANY OF CANADA
200 UNIVERSITY AVENUE
TORONTO, ONT. M5H 3C7

Phone: Off. 364-5141
Res. 261-5891

دو غیر ملکی کمپنیاں ۲۶ ہزار مربع میل علاقے میں تیل تلاش کریں گی

حکومت پاکستان اور کمپنیوں کے درمیان معاہدے پر دستخط ہو گئے

تیل ملک کے چاروں صوبوں میں تلاش کیا جائے گا

اسلام آباد —— (اے پی پی) حکومت پاکستان نے دو تیل کمپنیوں کے ساتھ الگ الگ دو معاہدوں پر دستخط کئے ہیں ... دستخط کے تین ماہ بعد تیل کی تلاش کا کام شروع کر دیں گی۔ ... [illegible]

پشاور میں ٹائم بموں کے دو دھماکے

جمعرات سے پشاور میں دس دھماکے ہو چکے ہیں

پشاور —— (اے پی پی) آج پشاور کے علاقے ... میں ٹائم بم کے یکے بعد دیگرے دو دھماکے ہوئے ... کسی قسم کے نقصان کی اطلاع نہیں ملی ... [illegible]

اسلامی ممالک میں عید الفطر بدھ کو منائی گئی

لندن —— ... شوال کا چاند ... نظر آ گیا ہے جس کے مطابق آج مصر، سعودی عرب، لیبیا اور الجزائر میں عید الفطر منائی گئی۔

اپوزیشن راہنما آٹھ سفارت خانوں میں گئے مگر یادداشت پیش نہ کر سکے

یادداشت بعد میں ارسال کر دی جائے گی: پروفیسر غفور

راولپنڈی —— (نمائندہ خصوصی) حزب اختلاف کے راہنما آج ... آٹھ غیر ملکی سفارت خانوں میں گئے لیکن وہ ان سفارت خانوں کو اپنی یادداشت پیش نہ کر سکے ... پروفیسر غفور احمد ... سفارت خانوں کی طرف گئے ان میں ... سعودی عرب، عراق، لیبیا اور ترکی کے سفارت خانوں میں گئے ... [illegible]

پاکستان میں دینی اور اخلاقی اقدار کو یونہی ختم کیا جاتا رہا تو اس کا بچنا مشکل ہے

ہم خود کو ہی نہیں اپنی آئندہ نسلوں کو بھی خطرے میں ڈال رہے ہیں

عوام پوری طرح مستعد ہو کر صورت حال کو بدلنے کی کوشش کریں: مولانا مودودی

لاہور —— ... جماعت اسلامی پاکستان کے بانی مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی نے کہا ہے کہ اسلام کے نام پر حاصل کئے گئے پاکستان میں اگر دین کی جڑیں یونہی کاٹی جاتی رہیں ... [illegible]

سکم کبھی آزاد ملک نہ تھا، یہ علاقہ ہمیشہ سے بھارت کا حصہ ہے

پاکستان اور چین کو اعتراض کرنے کا حق نہیں: مسز اندرا گاندھی

دہرہ دون —— (رائٹر) بھارت کی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے ریاست سکم کو بھارت کا حصہ بنانے کے خلاف پاکستان اور چین کے احتجاج پر نکتہ چینی کی ہے اور کہا ہے کہ ان ملکوں کو اعتراض کا کوئی حق نہیں ہے۔ مسز اندرا گاندھی نے یہاں کانگریس کارکنوں کے ایک جلسے میں خطاب کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ بھارت نے سکم کو ساتھی ریاست بنا کر کوئی انوکھا کام نہیں کیا۔ سکم کبھی آزاد ملک نہ تھا بلکہ یہ علاقہ ہمیشہ سے بھارت کا حصہ رہا ہے۔ سکم کے عوام نے والیٔ ریاست کے ایوان میں نمائندگی حاصل کی ہے۔ اس کے علاوہ سکم بھارتی حکومت کا زیر سرپرستی علاقہ رہا ہے۔ بھارتی وزیر اعظم نے کہا کہ ریاست سکم کے عوام چاہتے تھے کہ ان کی نمائندہ پارلیمنٹ ہو چنانچہ وہاں انتخابات ہوئے۔ پارلیمنٹ منتخب کی گئی۔ پارلیمنٹ کے اس عوامی نمائندہ نے بھارتی حکومت سے درخواست کی کہ ان کی ریاست کو بھارت کا ساتھی ریاست بنایا جائے چنانچہ عوامی فیصلے کے مطابق سکم کو ساتھی ریاست بنایا گیا ہے۔ ہمارے اس فیصلے پر پاکستان اور چین کو اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

راولپنڈی —— (اے پی پی) ارکین وزیر زراعت نے بتایا ہے کہ اگر بھارت کے خلاف بحران کا دور کرنے کے علاوہ کسی صورت اس کی امداد کر سکتا ہے کہ بھارت پی ایل ۴۸۰ یا فوری پروگرام کے تحت غلہ قبول کرے۔

بھارتی ایٹمی دھماکے کے خلاف ہم نے اقوام متحدہ سمیت عالمی سطح پر اقدامات کیے ہیں: وزیر اعظم

کراچی —— (اے پی پی) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے یہاں پریس کانفرنس میں بھارت کے متوقع دوسرے ایٹمی دھماکے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا اب یہ حیرت کی بات نہیں کہ جب ایک ملک دھماکہ کر لیتا ہے تو پھر وہ مزید دھماکے بھی کر سکتا ہے کیونکہ پھر اس کے لیے صرف وقت کی بات ہوتی ہے۔ انہوں نے اخبار نویسوں کو بتایا کہ پاکستان نے بھارت کے ایٹمی دھماکے کے خلاف اقوام متحدہ سمیت عالمی سطح پر اقدامات کیے ہیں۔ اس سلسلے میں وزیر اعظم نے پاکستان کی ان کوششوں کا بھی ذکر کیا کہ جنوبی ایشیا کے بہت سے ممالک نے جنوبی ایشیا کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقہ قرار دینے کی پاکستانی تجویز کی حمایت کی ہے۔ جب ایک نامہ نگار نے پوچھا کہ کیا پاکستان بھارت کے خلاف پابندیاں لگانے کی تحریک پیش کرے گا تو وزیر اعظم نے کہا کہ پابندیاں صرف اس وقت مؤثر ثابت ہو سکتی ہیں جب بین الاقوامی سسٹم موجود ہو۔ انہوں نے کہا کہ پانچ بڑی طاقتیں ایسی ہیں کہ جو ویٹو استعمال کرنے کا حق رکھتی ہیں جب تک یہ پانچوں بڑی طاقتیں ایسی پابندیوں کی حمایت نہ کریں اس سلسلے میں کی گئی ہر کوشش بے سود ہوگی۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان ڈاک کی آمد و رفت بحال ہو گئی

ڈاک کے چھ تھیلے بھارتی حکام کے حوالے کیے گئے

لاہور —— (اسٹاف رپورٹر) آج واہگہ سرحد پر پاکستان کی طرف سے بھارت کو ڈاک کا پہلا تھیلا حوالے کیا گیا۔ اس طرح دونوں ملکوں کے درمیان ڈاک کی آمد و رفت بحال ہو گئی۔ پاکستان کی طرف سے تقریباً ۱۰ ہزار خطوط بھارت پہنچ گئے جن میں عید کارڈ بھی شامل ہیں۔ بھارت کی طرف سے ۸۷۵ خطوط پاکستان کے حوالے کیے گئے۔ دونوں ملکوں کے درمیان ڈاک کی بحالی ۳۵ ماہ کے بعد عمل میں آئی ہے۔ پاکستان سے آج ڈاک کے چھ تھیلے بھارت پہنچ گئے جب کہ بھارت سے صرف ایک تھیلا موصول ہوا۔ بھارت سے کوئی عید کارڈ موصول نہیں ہوا۔ پاکستان کی طرف سے سپرنٹنڈنٹ فارن پوسٹل سروس چودھری برکت علی نے ڈاک امرتسر کے چیف سپرنٹنڈنٹ پوسٹ آفس مسٹر ڈی آر شرما کے حوالے کی۔

چودھری برکت علی نے پی پی آئی کو بتایا کہ بھارت کے ڈاک کے تھیلے میں سے بھارت سے صرف ۱۰ خطوط آئے ہیں۔ باقی تمام ڈاک ایران، ملائیشیا، برطانیہ، افریقہ اور مشرق وسطیٰ کے بعض ممالک سے فضائی ڈاک سے آئی ہوئی تھی اور بھارت نے اسے روکا ہوا تھا۔ ان میں سے بعض خطوط پر ڈیڑھ سال سے زائد عرصے پہلے کی مہریں لگی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ چونکہ پاکستان نے بھارت کے حوالے کی وہ تمام ڈاک پاکستان سے بھیجی تھی اور ان میں سے ایک بھی ایسا خط نہ تھا جسے روکا گیا ہو۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ عید کی ڈاک کا رش ابھی مزید چند دنوں جاری رہے گا۔ کل بھارت کو مزید ۳۰ ہزار خطوط بھیجے جائیں گے جن میں سے ۔۔ عید کارڈ ہیں۔

بھارت ایٹم بم کا ایک اور دھماکہ کرے گا

نئی دہلی —— (یو این آئی) بھارتی حکومت نے ابھی راجستھان میں ایٹمی دھماکے کی تاریخ کا ابھی فیصلہ نہیں کیا۔ بھارت جب یہ تجزیہ مکمل ہو جائے گا اور نتائج سامنے آ جائیں گے تو بھارت ایٹم بم کا ایک اور تجربہ کرے گا۔ بھارتی ایٹمی توانائی کے وزیر مسٹر ... نے پارلیمنٹ کی مشاورتی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ ایٹم بم کے دھماکے کی جانچ پڑتال ابھی مکمل نہیں ہوئی۔

PAKISTAN FILMS CLUB OF TORONTO
Once again Presents
Two movies in one ticket

ایک ٹکٹ میں دو فلمیں

NADAN
نادان (رنگین)
ستارے: ندیم، شبنم، قوی، لہری، عطیہ اشرف

DAIVER BHABI
دیور بھابی (موسیقی سے بھرپور)
ستارے: ...

Sat. Nov. 9th, at 5.30 PM & 8.30 PM

Sun. Nov.10th, at 2.30 PM & 5.30 PM

AT ETOBICOKE COLLEGIATE INSTITUTE
86 Montgomery Road, Near Royal York Subway

For Information Please Call: 241-2108

Now: a new minimum wage in Ontario

Effective October 1st, 1974

انٹیریو کی نئی کم سے کم اجرت کا تعین ان تمام افراد کے لیے ہے جو تمام صنعتی اداروں، تعمیرات، گھریلو خدمات، ایمبولینس کی خدمات یا جنازہ خانے میں کام کرتے ہیں۔ ان میں طالب علم اور تکلف کام سیکھنے والے بھی شامل ہیں۔

اگر آپ یا آپ کے ملازمین (زنانہ و مرد) میں آتے ہیں تو آپ کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ اب نئے قانون کی ضروریات کیا ہیں۔

گھریلو کام دلانے والی ایجنسیوں کے ملازمین اور وہ لوگ جو جنازہ خانوں کی ڈائریکٹری یا مردہ جسموں کی حفاظت کے لیے مسالہ لگانے کا کام انجام دیتے ہیں ان کی اجرت فی گھنٹہ دو ڈالر ۴۰ سینٹ سے ہرگز کم نہیں ہونی چاہیئے۔ عام صنعتی اداروں میں کام سیکھنے والوں کو پہلے مہینے میں کم سے کم دو ڈالر ۱۰ سینٹ فی گھنٹہ ملنا چاہیئے اور بعد میں ایک گھنٹے کی مزدوری کم سے کم دو ڈالر ۴۰ سینٹ ہونا چاہیئے۔ وہ لوگ جو تعمیرات میں ملازم ہیں یا تعمیری جائے وقوعہ پر چوکیدار کا کام کرتے ہیں ایک گھنٹے کے کام کے عوض کم سے کم دو ڈالر ۶۵ سینٹ کے مستحق ہیں۔ تعمیری صنعت میں کام سیکھنے والوں کے لیے کوئی علیحدہ اجرت کی شرح نہیں ہے۔ ایمبولینس کے ڈرائیور، مددگار اور فرسٹ ایڈ کے کام انجام دینے والے کو اب کم سے کم ایک ہفتے کی اجرت ایک سو آٹھ ڈالر ملنا چاہیئے۔ لیکن اگر وہ ایک ہفتے میں ۴۸ گھنٹوں سے کم کام کریں تو ایک گھنٹے کی اجرت دو ڈالر ۲۵ سینٹ ہوگی۔ ۱۸ برس سے کم کے طالب علم جو ہفتے میں ۲۸ گھنٹے یا اس سے کم یا اسکول کی چھٹیوں میں کام کرتے ہیں انہیں کم سے کم اجرت ایک ڈالر ۹۰ سینٹ فی گھنٹے کے حساب سے ملنا چاہیئے۔

جب ملازمین ایک کمرہ استعمال کریں اور ملازمت دینے والے کی طرف سے کھانا مہیا کیا جائے تو نو ڈالر فی ہفتہ کمرے کے لیے اور ایک ڈالر ایک وقت کے کھانے کے لیے یا اکیس ڈالر ایک ہفتے کے کھانوں کے لیے یا تیس ڈالر ایک ہفتے کے کھانوں اور کمرے کے لیے کم سے کم اجرت نکالتے وقت شامل کیے جا سکتے ہیں۔

جہاں تک زائد وقت میں اوور ٹائم کی اجرت کا تعلق ہے یکم دسمبر ۱۹۷۴ء تک ۴۸ گھنٹے ہفتے کے کام کے بعد ڈیڑھ گنا ہوگی۔ یکم جنوری ۱۹۷۵ء سے ڈیڑھ گنا شرح فی ہفتہ ۴۴ گھنٹے کام کے بعد لاگو ہوگی۔ اور یکم جنوری ۱۹۷۶ء سے چھٹیوں کی تنخواہ، چھٹیوں کا خاتمہ، ملازمت سے برطرفی کے نوٹس اور تنخواہ کے ساتھ تعطیلات وغیرہ کے بارے میں موجودہ قانونی تحفظات جیسے گڈ فرائیڈے، ڈومینین ڈے، لیبر ڈے اور کرسمس کے ساتھ شامل ہوں گی۔

اگر آپ کچھ پوچھنا چاہیں یا آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو اپنے نزدیک ترین ایمپلائمنٹ سٹینڈرڈز کی برانچ کے درج ذیل دفاتر پر جا کر یا فون کر کے معلوم کر سکتے ہیں۔

Hamilton
1 West Avenue South
Postal Zone L8N 2R9
Telephone: 527-4501

London
560 Wellington Street
Postal Zone N6A 3R4
Telephone: 438-7291

Thunder Bay
235 Bay Street
Postal Station "P"
Telephone: 345-2101

Kenora
808 Robertson St.
Postal Zone P9N 1X9
Telephone: 468-3128

Ottawa
2197 Riverside Drive
Postal Zone K1H 7X3
Telephone: 731-7200

Toronto
400 University Avenue
Postal Zone M7A 1T2
Telephone: 965-5251

Kingston
1055 Princess Street
Postal Zone K7L 1H3
Telephone: 542-2853

Sault Ste. Marie
125 Brock Street
Postal Zone P6A 3B6
Telephone: 949-3331

Windsor
500 Ouellette Avenue
Postal Zone N9A 1B3
Telephone: 256-8278

Kitchener
824 King Street West
Postal Zone N2G 1G1
Telephone: 744-5211

Sudbury
1538 LaSalle Boulevard
Postal Zone P3A 1Z7
Telephone: 566-3071

Ministry of Labour,
John MacBeth, Minister

Government of Ontario
William Davis, Premier

ٹورانٹو اک شہر ہے عالم میں بے مثال
اس عشرتِ چمن میں خوشی ہیں بالکل
ان کی مدد سے آپ کو مل جائیگا مکاں
جس سے آمنا خوشیوں میں ہوگا بڑے کا مال
مکانات کے علاوہ کمرشل اور انڈسٹریل جائیداد
خرید و فروخت کے لیے بھی یاد رکھیں:
ایچ۔ کیتھ لمیٹڈ۔ ریلٹر اور سلطان قریشی





SULTAN QURESHI
MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

کشمیریوں کی عید اس وقت ہوگی جب مقبوضہ کشمیر آزاد ہو جائیگا

اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی ہم متحد ہو سکتے ہیں : سردار عبدالقیوم خاں

مظفر آباد ——— (اپ پ) آزاد کشمیر کے صدر سردار عبدالقیوم خان نے کہا ہے کہ عید الفطر خدا کے حضور شکر ادا کرنے کا دن ہے ...

وزیراعظم بھٹو اقتصادی ماہرین کا پینل قائم کریں گے

بیرون ملک کام کرنے والے پاکستانی ماہرین کو طلب کر لیا گیا

پاکستان کے ساتھ صرف پختونستان کے مسئلے پر بات ہو سکتی ہے

افغانستان نے پاکستان کے خلاف بھونڈا پراپگنڈہ شروع کر دیا

گزشتہ عید کے بعد پیدا ہونے والے دو اہم قومی مسائل خوش اسلوبی سے حل کیے جا چکے ہیں

بلوچستان کے بارے میں بعض عناصر غیر ملکی مفادات کی نمائندگی کرتے رہے ہیں

عید کے موقع پر وزیراعظم کا پیغام

PHILIPS

پاکستان

میں

زندگی کی آرائشوں سے لطف اندوز ہونے کے لیئے ہماری خدمات حاصل کریں

ہم فلپس، پائی اور گرنڈنگ جیسی اعلیٰ معیار کی کمپنیوں کا سامان بجلی
مثلاً ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر
پروجیکٹر، ہیئر ڈرائیر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجواتے ہیں۔
پاکستان میں گارنٹی بھی کارآمد ہے اور سروس کا بھی انتظام ہے۔
مزید تفصیلات کے لیئے ہمیں لکھئے یا فون کیجیئے۔

PYE

AAlice International
Unique Trade & Commerce

GRUNDIG

P. O. BOX 358 STATION 'J'
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO—CANADA
Phone: 459-0820

پاکستان کے پاس بم کے دھماکوں میں افغانستان کے ملوث ہونے کا قطعی ثبوت موجود ہے

دھماکے کرنے والے پچیس افراد گرفتار کر لیے گئے

خصوصی ٹریبونل ایک ہفتے میں ملزموں کے خلاف مقدمات کی سماعت شروع کر دیگی : فراشت

پشاور ——— (اپ پ) صوبہ سرحد میں بموں کے حالیہ جو دھماکے ہوئے ہیں اس سلسلے میں اب تک پچیس سے زائد افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے ...

ہفت روزہ
کرسینٹ
سوراسٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سن رکھو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف اور نہ غم ہوگا (القرآن)

خدا کا پیغام — عمل بھی کیجیے

صدر مملکت جناب فضل الٰہی چودھری اور وزیراعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو نے عیدالفطر کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغامات میں پاکستان کی اساس و بنیاد — اسلام — کو مضبوط و مستحکم بنانے کی ضرورت کا ایک بار پھر احساس دلایا ہے۔ صدر مملکت نے اپنے پیغام میں عوام پر زور دیا ہے کہ وہ قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگیاں بسر کریں تاکہ باہمی اختلافات نفرت، لالچ اور نفاق ہماری زندگیوں سے ختم ہو سکے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ اگر ہم صراط مستقیم پر چلتے رہے تو اللہ تعالیٰ اپنے بے پایاں رحم و کرم اور اپنی مہربانیوں سے نوازیں گے۔ چودھری صاحب نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا بھی کی کہ وہ ہمیں عقل و بصیرت اور قوت عطا فرمائیں جن کی بدولت ہم اپنے مسائل پر قابو پا سکیں، اپنی صفوں میں اتحاد و استحکام پیدا کر سکیں اور قوم کی ایک تابناک، روشن اور خوشحال مستقبل کی طرف رہنمائی کر سکیں۔ وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے بھی اپنے پیغام میں ایک مسلم ریاست میں ایک دینی مسئلہ (قادیانی مسئلہ) کے قومی اتفاق رائے سے حل کا ذکر کرتے ہوئے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا ہے کہ ہم عالم اسلام کی وسیع تر برادری میں ایک مستحکم، خود مختار اور متحد مملکت کے طور پر اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔

پاکستان محض ایک مسلم مملکت ہی نہیں یہ دنیا کا واحد ملک ہے جو اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا۔ دنیا کے دوسرے اسلامی ملکوں اور پاکستان میں یہ فرق و امتیاز بڑا نمایاں ہے کہ وہ پہلے کسی نہ کسی شکل میں موجود تھے اور وہاں اسلام بعد میں آیا۔ پاکستان اسلامیان برصغیر کی قرآن و سنت کے مطابق زندگیاں بسر کرنے کی خواہش و آرزو کی عملی تفسیر ہے۔ یہاں صرف اور صرف اسلام ایک ملک کے قیام کی بنیاد بنا یہ ہماری بدنصیبی ہے کہ تشکیل پاکستان کے بعد ہم مقاصد پاکستان کو فراموش کر بیٹھے اور خود غرضی، مفاد پرستی، نفسی نفسی کی لعنتوں میں اس طرح الجھ گئے کہ ہم پاکستان کو صحیح معنوں میں اسلامی پاکستان یا مفکر ملت علامہ اقبالؒ اور معمار ملت حضرت قائداعظمؒ کے خوابوں کا پاکستان نہ بنا سکے اور دنیا کے سامنے ایک قابل تقلید اسلامی معاشرہ پیش نہ کر سکے اور نہ ہی عالم اسلام کی ان آرزوؤں کی تکمیل کر سکے جو انہوں نے تعمیر پاکستان سے وابستہ کی تھیں۔ گذشتہ ۲۷ برسوں میں یہاں اسلام کا نام تو بہت لیا گیا لیکن جہاں تک اسلامی اصولوں [illegible] اور قرآن و حدیث کے [illegible] جانے کا تعلق تھا اس [illegible] اجتناب ہی برتا گیا۔ اسلام سے اس منافقت کی ہمیں یہ سزا ملی کہ آج ہم ایک زوال پذیر معاشرے کی تصویر پیش کر رہے ہیں اور اپنی بقا و سلامتی تک کو معرض خطر میں ڈالے ہوئے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ حکومت نے قوم کو ایک ایسا آئین دیا کرنے میں کوئی تاخیر نہیں کی جس کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ سابقہ دساتیر سے زیادہ اسلامی ہے اس نے نوے سالہ پرانا قادیانی مسئلہ سواد اعظم کی خواہشات کے مطابق حل کر کے ایک قابل تحسین کارنامہ سرانجام دیا ہے لیکن یہ امر چنداں محتاج وضاحت نہیں کہ ابھی یہاں قرآن و سنت کی سربلندی کے لئے بہت کچھ کرنا ہے۔ ابھی یہاں رشوت و بدعنوانی، ہر نوع کرپشن، مغرب اور اشتراکی دنیا کی بھونڈی اقدار کی تقلید، جھوٹ، مکر، ریاکاری، منافقت، مداہنت ایسی غیر اسلامی روایات بلکہ لعنتوں کو ختم کرنا ہے۔ اسلام اور اسلامی برادری میں شامل ہونے بلکہ وسیع تر اسلامی برادری میں ایک مضبوط و مستحکم اور مربوط و منظم ذوالفقار ملک کی حیثیت سے اپنا کردار سرانجام دینے کے لئے ضروری ہے کہ ہم قرآن و سنت کی تعلیمات پر عمل پیرا بھی ہوں۔ ہم جس خدا کا نام لیتے ہیں اس کے پیغام پر عمل بھی کریں اگر ہم اسلام کا محض نام ہی لیتے رہے، نیالی مے نوشی کی عادت ترک نہ کی، اسلامی تعلیمات اور اللہ تعالیٰ کے پیغام پر عمل نہ کیا، اسلامی اقدار و شعائر کو حرز جاں نہ بنایا، اپنی صفوں میں اتحاد و یکجہتی پیدا کرنے کی بجائے افتراق و انتشار کا شکار رہے، مکر و منافقت ترک نہ کیا، رشوت، بدعنوانی وغیرہ ایسی لعنت سے نجات حاصل نہ کی، دیانت، سچائی ہی اصل اسلامی قدروں کو مشعل راہ نہ بنایا تو یہ اسلام بلکہ اللہ تعالیٰ سے دھوکہ ہے، خدا سے فریب ہے اور یاد رکھئے اللہ تعالیٰ سے فریب اور دھوکہ کرنے والی قوم زندہ نہیں رہ سکتی۔

فرمودات اقبالؒ

دل زندہ و بیدار اگر ہو تو بتدریج
بندے کو عطا کرتے ہیں چشم نگراں اور
احوال و مقامات پہ موقوف ہے سب کچھ
ہر لحظہ ہے سالک کا زماں اور مکاں اور
الفاظ و معانی میں تفاوت نہیں لیکن
ملا کی اذاں اور مجاہد کی اذاں اور!
(بال جبریل)

عقل ہے بے زمام ابھی عشق ہے بے مقام ابھی
نقش گر ازل ترا نقش ہے ناتمام ابھی!
دانش و دین و علم و فن بندگیٔ ہوس تمام،
عشق گرہ کشا کا فیض نہیں ہے عام ابھی!
جوہر زندگی ہے عشق جوہر عشق ہے خودی!
آہ کہ ہے یہ تیغ تیز پردگیٔ نیام ابھی!
(بال جبریل)

قلندرانہ ادائیں، سکندرانہ جلال
یہ امتیں ہیں جہاں میں برہنہ شمشیریں
خودی سے مرد خود آگاہ کا جمال و جلال
کہ یہ کتاب ہے باقی تمام تفسیریں
شکوہ عید کا منکر نہیں ہوں میں لیکن
قبول حق ہیں فقط مرد حر کی تکبیریں
(ارمغان حجاز)

شراب خانہ خراب

ایک امریکی ڈاکٹر کی طرف سے قرآن حکیم کی صداقت کا اعتراف

(احسان قریشی صابری)

الکحل (شراب) جسم میں داخل ہوتے ہی کیا اثر رکھتی ہے؟ اب تو ہمارے ڈاکٹر بھی کہتے ہیں کہ نروس سسٹم (اعصابی نظام) پر الکحل بڑے منفی اثرات ڈالتی ہے۔ قوت ارادی، مدافعت اور قوت سامعہ پر بھی برا اثر پڑتا ہے۔ وسکی کا ایک گلاس روزانہ پینے سے اگرچہ ۲۰۰ کیلوریز کا اضافہ جسم میں ہو جاتا ہے مگر قوت مدافعت کمزور ہو جاتی ہے اور وٹامنز کی کمی واقع ہو جاتی ہے کیونکہ الکحل وٹامنز کو خارج کر دیتا ہے۔ وسکی کا اس سے زیادہ استعمال خون کے ان ذرات کو بھی کمزور کر دیتا ہے جو بیماریوں کے مختلف جراثیم کی مدافعت کیا کرتے ہیں۔ جگر، گردے، پھیپھڑے خراب ہو جاتے ہیں۔ اور ان پر چربی کی دبیز تہہ چڑھ جاتی ہے اور ۱۳۰۰۰ امریکی باشندے ہر سال ہلاک ہو جاتے ہیں۔ الکحل سے دماغ میں تیزاب پیدا ہو جاتا ہے اور پھر ایسے ہی اعضا متاثر ہو جاتے ہیں۔ جو ان کا عارضہ شرابیوں میں پیدا کر دیتے ہیں۔ نسیان کا مرض عام حالات میں ۷۰ یا ۸۰ سال کی عمر کے بعد وارد ہوتا ہے لیکن الکحل کے رسیا (جو اپنی جوانی کے عالم میں ہی ہوں) نسیان کا شکار ہوا کرتے ہیں۔

حرکت قلب بند ہونے کا مرض روز بروز ترقی پر ہے روز افزوں ہے قلب کی حرکت بند ہو جانے کے واقعات بہت ہوتے ہیں۔ ان میں زیادہ تر الکحل کے عادی حضرات پر مشتمل ہیں۔ یہ تاثر کہ شراب کی قوت کار بڑھ جاتی ہے بالکل غلط بات ہے۔ یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ الکحل کا زیادہ استعمال نامردی، کمزوری اعصاب کا موجب بنتا ہے۔ بیس تیس سال کی عمر کے نوجوان جو الکحل کے عادی تھے اکثر نامرد ہو گئے۔ ہپی ازم کی تحریک چلنے پر ان نوجوانوں نے شراب چھوڑ کر چرس، بھنگ اور ماریجوانا کا استعمال شروع کر دیا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ شراب قوت رجولیت پر منفی اثر ڈالتی ہے۔ الکحل کے عادی انسان کی عمر دس بارہ سال کم ہو جاتی ہے۔

امریکہ میں قتل کی جتنی وارداتیں ۱۹۷۳ء میں ہوئیں ان میں سے آدھی وارداتوں کے وقت قاتل یا مقتول یا دونوں شراب کے نشے میں دھت تھے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ شراب خانہ خراب امریکہ میں آدھی وارداتِ قتل کا موجب بنی۔ ۱۹۷۳ء میں جتنے افراد نے خودکشی کی ان میں سے بیشتر الکحل کے رسیا تھے۔ طلاق کی جتنی وارداتیں ۱۹۷۳ء میں عدالتوں میں رجسٹرڈ ہوئیں ان میں سے آدھی طلاقیں الکحل ہی کی مرہون منت ہیں۔ ۱۹۷۳ء میں امریکہ میں سڑکوں پر ۵۵۰۰۰ کاروں یا بسوں کے مہلک حادثات ہوئے ان میں سے آدھے یعنی ۲۸۰۰۰ وہ تھے جو الکحل پینے کا نتیجہ تھے۔ دماغی امراض کے ہسپتال (پاگل خانہ)

میں ۱۹۷۳ء میں ۲۲۰۰۰ نئے مریض داخل ہوئے ان میں سے آدھے شراب کے رسیا تھے۔ مردوں کے مقابلے میں اگرچہ عورتوں کا تناسب کم ہو کر الکحل کی رسیا ہیں (اس وقت ۳ اور ۱ کا تناسب ہے) مگر آہستہ آہستہ امریکی مستورات میں الکحل کی عادت بڑھتی جاتی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ عنقریب یہ تناسب آدھا آدھا ہو جائے گا۔

واشنگٹن کے ایک ڈاکٹر ڈونلڈ نے عجیب و غریب اعداد و شمار پیش کئے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ دیکھے گئے کیسوں میں بچے کو دودھ پلانے والی اور حمل والی ماں نے بچہ کسی بیماری کے دوران دودھ نہیں پلایا جبکہ کسی بیماری یا علاج وغیرہ (دودھ پلانا) اور دودھ پینے والی الکحل کی رسیا نہیں تھی تو بچہ بڑے ہو کر شراب کے رسیا نہیں ہوئے۔ حالانکہ ان کے بڑے رنگے جاتے) جو اسی ماں سے بڑے ہوئے جو کہ الکحل کے عادی بنے اس سے ثابت ہوا کہ ماں کے دودھ میں بھی انسان کی عادات و خصائل کا بڑا دخل ہے۔ اور الکحل کی قبیح عادت ورثہ میں بھی ملا کرتی ہے۔

امریکہ کے عیسائی تو کیا تمام دنیا کے عیسائی قرآن کو الہامی کتاب نہیں مانتے مگر مسلمان قوم کی اس الہامی کتاب میں صاف صاف لکھا ہے کہ شراب میں برائیاں بھی ہیں اور خوبیاں بھی ہیں۔ مگر اس کی برائیاں خوبیوں کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہیں اور برائیاں بھی اس قسم کی برائیاں ہیں جو ہوش و حواس اور حیا و شرم کو ختم کر دیتی ہیں۔ اسی لئے قرآن نے شراب کو حرام قرار دیا۔ اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ جن اسلامی ممالک میں شراب پر پابندی ہے، وہاں سڑکوں پر کاروں اور بسوں کے حادثات (مغربی ممالک کے تناسب سے) بہت کم واقع ہوتے ہیں۔ اور عام صحت انسانی کا معیار بھی اچھا ہوتا ہے۔ مسلمانوں کی الہامی کتاب نے شراب کو حرام قرار دیدیا۔ یقیناً اس معاملہ میں وہ بھی ہدایت ہے۔ شراب کو حرام قرار دینے والے مسلمانوں کی اس الہامی کتاب میں "خمر" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ جو اکثر الکحل کے لئے ہی استعمال ہوا کرتا ہے۔ لیکن چرس، گانجا، افیم، کوکین، بھنگ وغیرہ باقی تمام نشے بھی (جو ہمارے ہپی نوجوان آج کل استعمال کر رہے ہیں) اسی لفظ "خمر" کی معنوی تعریف میں بھی آجاتے ہیں۔ آخر میں کہنا پڑے گا کہ امریکہ کے علاوہ تمام دنیا کے ممالک میں [illegible] شراب خانہ خراب کی وجہ سے جو رونما ہوتے ہیں اور ان حادثات کی سالانہ تعداد سو لاکھ کے قریب جا پہنچی ہے۔ جو اس الکحل کی ہی مرہون منت ہے اس معاملے میں مسلمانوں کی الہامی کتاب قرآن کی ہدایات کی تعریف کرنے پر مجبور ہوں۔ بلکہ مسلمانوں کے پیغمبر کی بھی تعریف ہی کروں گا۔ جنہوں نے شراب کو "ام الخبائث" کہا یعنی تمام فسادات کی جڑ۔ تمام برائیوں کی ماں۔ تمام حادثات کو جنم دینے والی اور تمام قتل و غارت کا اصل منبع۔

(ترجمہ ماخذ :- ریڈرز ڈائجسٹ ستمبر ۷۴ء صفحہ ۱۰۸)

نور بصیرت
میاں عبدالرشید

حضورؐ کے نصائح

جناب رسالتمآبؐ نے ارشاد فرمایا:
منافق وہ ہے جو —
۱۔ کسی کی نصیحت سے متنبہ نہ ہو۔
۲۔ دوسروں کو منع کرے اور خود باز نہ رہے
۳۔ ایسے کام کے لیے کہے جو خود نہ کرے۔
۴۔ نماز کے لیے کھڑا ہو تو کاہلی سے۔
۵۔ بیٹھے تو جانوروں کی طرح (فرائض نفسی کو بھلا دے)
۶۔ شام اس حالت میں کرے کہ اس کا تمام تر ارادہ کھانے کا ہو، حالانکہ اس کا روزہ نہیں تھا۔
۷۔ صبح کرے تو اس کا تمام تر ارادہ دن کو سونے کا ہو، حالانکہ وہ شب بیدار نہیں
۸۔ بات کرے تو جھوٹ بولے۔
۹۔ وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے۔
۱۰۔ اس کے حوالے امانت کی جائے، تو اس میں خیانت کرے۔
۱۱۔ کسی سے معاہدہ کرے، تو اس کی خلاف ورزی کرے (طبری)

فرمایا:۔ نفاق کی علامت — آنکھوں کا خشک ہو جانا۔ دل کا سخت ہو جانا۔ گناہ پر اصرار کرنا۔ اور دنیا پہ حریص ہونا ہے۔

فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق و گناہ ہے اس سے جنگ کرنا کفر ہے۔ اس کی غیبت (عدم موجودگی میں برائی) کرنا، اللہ کی نافرمانی کرنا ہے۔ اس کے مال کا احترام ایسے ہی ضروری ہے، جیسے اس کی جان کا احترام ہے (طبری)

فرمایا:۔ جب قبیلہ کا فاسق و بدکار ان کی سرداری کرے۔
جب قوم کا ذلیل ترین شخص ان کا زعیم و رئیس ہو،
جب کسی کے شر سے بچنے کے لیے اس کی عزت کی جائے، تو بلا و مصیبت کا انتظار کرو۔

فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ نے احسان جتانے والے اور بخیل خور اور دائم شرابی پر جنت کو حرام کر دیا ہے۔

فرمایا:۔ اس شخص کے لیے خرابی ہے جو لوگوں کو ہنسانے کے لیے جھوٹ بولتا ہے۔ اس کے لیے خرابی ہے۔ اس کے لیے خرابی ہے (طبری)

حکایت رومی

تیغ حلم اور تیغ فولاد

حضرت علیؓ کے عمل سے اخلاص کا درس سیکھو۔ وہ خدا کے شیر تھے ان کا فعل نفسانیت سے پاک تھا۔ ایک جنگ میں جب ایک دشمن زد میں آیا تو آپ تلوار سونت کر جھپٹے۔ اس نے حضرت علیؓ کے چہرہ پرنور پر تھوک دیا اس نے ایسے چہرے پر تھوکا کہ اگر چاند بھی مقابل آئے تو اس کے سامنے سجدہ بجا لائے مگر حضرت علیؓ اپنا غصہ پی گئے اور اسی وقت تلوار پھینک کر اس کافر پہلوان سے کنارہ کرنے لگے۔ وہ پہلوان آپ کی اس حرکت سے حیران ہو گیا کہ بھلا عفو و رحم کا یہ کیا محل تھا۔ اس نے پوچھا کہ تم نے مجھ پر ابھی تو شمشیر آبدار کھینچی اور ابھی تلوار پھینک کر مجھے چھوڑ دیا اس کا کیا سبب ہے؟ میری جنگ آزمائی میں تم نے ایسی کیا بات دیکھی کہ مجھ پر غالب آنے کے بعد بھی مقابلے سے ہٹ بیٹھے۔ آپ نے فرمایا کہ میں صرف خدا کے لئے تلوار مارتا ہوں کیونکہ خدا کا بندہ ہوں۔ اپنے نفس کا بندہ نہیں ہوں۔ خدا کا شیر ہوں، خواہشات نفس کا شیر نہیں ہوں اور میرا عمل میرے دین کا گواہ ہے۔ غضب و شہوت بادشاہوں پر حکمران ہو، ہوا غلام ہے۔ اس لئے غضب کے خنجر میں نے زمین پر لگام لگا دی ہے، میرے صبر کی ہوا نے میرے غضب والے تنکے کو گرد میں ملا دیا ہے اور حق کا غضب بھی مجھ پر رحمت کی طرح چھایا جا رہا ہے۔ حضرت پیغمبر علیہ السلام نے میرے نوکر کے کان میں فرمایا کہ ایک دن وہ میرا سر تن سے جدا کر دے گا۔ وہ نوکر مجھ سے کہتا رہتا ہے کہ آپ پہلے ہی مجھے قتل کر دیجئے کہ ایسی سنگین خطا مجھ سے سرزد نہ ہونے پائے مگر میں اسے یہی جواب دیتا ہوں کہ میری موت تیرے ہاتھ سے ہونے والی ہے تو میں خدا کے حکم کے مقابلے میں حیلے کیوں تلاش کروں۔ اس طرح میں دن رات اپنے قاتل کو اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہوں مگر مجھے اس پر غصہ نہیں آتا کیونکہ موت مجھے جان سے زیادہ پیاری ہے اسی طرح مجھے موت پیدا ہے کیونکہ یہی موت میری دوسری زندگی کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوئے ہے۔ بے موت مرنا ہم پر حلال ہے اور بے سامان جینا ہم کو زیب دیتا ہے۔ پھر حضرت امیر المومنینؓ نے اس پہلوان سے کہا کہ اے جوان! جبکہ جنگ آزمائی کے وقت تو نے میرے منہ پر تھوکا تو میرے نفس کو حرکت ہوئی اور میری نیت دوسری ہو گئی یعنی جنگ کی غرض رضائے الٰہی آدھی خدا واسطے اور آدھی اپنے نفس کی طرف سے ہو گئی حالانکہ خدا کے کام میں دوسرے کی شرکت جائز نہیں۔ تو میرے مالک کے ہاتھ کی بنائی ہوئی صورت ہے اور تو اس کی ملک ہے میری نہیں۔ خدا کے نقش کو خدا ہی کے حکم سے توڑنا چاہیے اور دوست کے شیشے پر اسی کا پتھر مارنا چاہیے۔

اس کافر پہلوان نے جو یہ تقریر سنی تو اس کے دل میں ایک نور چمکا اور اس نے زنار توڑ ڈالی اور کہا کہ ہائے افسوس میں اب تک ظلم کے بیج بو رہا تھا میں تو تجھے کچھ اور سمجھتا تھا لیکن تو خدا کا اندازہ لگانے کی ترازو ہے بلکہ ہر ترازو کی ڈنڈی ہے۔ میں اس شمع کی خصلت والے چراغ کا غلام ہوں کہ جس سے تیرے چراغ نے روشنی پائی ہے۔ میں اس دریائے نور کی موج کا غلام ہوں جو ایسے ایسے موتی باہر لاتی ہے لہٰذا مجھے اپنے مذہب کا کلمہ پڑھا دیجئے کیونکہ میں نے تجھ کو اپنے سے زیادہ سربلند پایا۔

القصہ اس پہلوان کے قریب جتنے رشتے دار اس کے رشتے والے اور اہل قوم تھے سب نے پروانہ وار دین اسلام قبول کیا۔ حضرت علیؓ نے صرف تیغ حلم سے اتنی خلقت کو عقیدۂ حق کی تلوار کے گلوں کو شمشیر آبدار سے بچا لیا۔ لہٰذا تیغ حلم تیغ فولاد سے زیادہ تیز بلکہ فتح کرنے والی ہے جو سو لشکروں پر بھاری ہے۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد ۳ ، شمارہ ۱۹

پندرہ روزہ
کریسینٹ
ٹورانٹو کینیڈا

نومبر ۱۹۸۲ مطابق ۱۴ شوال ۱۴۰۲ھ

بلوچستان میں کہیں بمباری نہیں کی گئی نہ چھاتہ فوج اتاری گئی

علاقہ میں عدم استحکام پیدا کرکے کوئی بیرونی طاقت اپنا مفاد حاصل نہ کرسکے گی

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی نہیں، معاشرتی، اقتصادی اور انتظامی ہے

وفاقی حکومت نے بلوچستان کے بارے میں قرطاس ابیض شائع کر دیا

ایران افغانستان اور پاکستان میں مصالحت کرانے کی کوشش ہو رہی ہے
افغانستان سے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی — وزیر اعظم بھٹو

راولپنڈی ——— (اپ پ) حکومت پاکستان نے آج صوبہ بلوچستان کے بارے میں قرطاس ابیض جاری کر دیا ہے۔ قرطاس ابیض میں نیپ و جمعیت کی سابق حکومتوں کے مرکز سے عدم تعاون، بیرونی اسلحہ اور ہتھیاروں کی مدد سے سرکش قبائل کی کاروائیوں ... وفاقی حکومت کی اصلاح و فلاح کی کوششوں ... مفاہمت کی گئی کہ کسی بھی موقع پر بلوچستان کے کسی بھی علاقے یا سرکشوں کے کسی بھی ٹھکانے پر بمباری نہیں کی گئی نہ کسی جگہ چھاتہ فوج اتاری گئی۔

[illegible]

لیاقت علی خان
وزیر اعظم

ممتاز قانون دان
منظور قادر
انتقال کر گئے
میت تدفین کے لئے ... لندن سے لاہور لائی جائیگی

مرحوم کے سوگ میں لاہور ہائیکورٹ اور تمام عدالتیں بند رہیں

لاہور ——— (اپ پ) مشہور قانون دان اور فیلڈ مارشل ایوب خاں کے دور کے پہلے وزیر قانون شیخ منظور قادر کا کل رات لندن کے چارنگ کراس ہسپتال میں انتقال ہو گیا۔ مرحوم ... مغربی پاکستان ہائیکورٹ کے چیف جسٹس بھی رہے۔ مرحوم کے سوگ میں لاہور ہائیکورٹ سمیت عدالتیں اور سیشن کورٹ کل بند رہے ... ممتاز قانون دان اور ادیب شیخ عبدالقادر کے صاحبزادے تھے آپ ۱۹۱۲ء میں لاہور میں پیدا ہوئے گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے کیا اور ۱۹۲۵ء میں کیمبرج ... سے گریجویٹ کرنے کے ایک سال بعد پریکٹس شروع کر دی ... لاہور ہائیکورٹ کے ایڈووکیٹ مقرر ہوئے ... برصغیر کے تیزی میں مغربی پاکستان ... کی تقسیم ...

باقی صفحہ ۶ کالم ۱ پر

شمالی امریکہ میں مسلمانوں کا سب سے بڑا اجتماع

کشمیر اور فلسطین کی آزادی کی دعائیں مانگی گئیں

کینیڈا اور شمالی امریکہ میں اس سال عید الفطر روایتی جوش و خروش اور بھرپور مذہبی جذبہ کے ساتھ منائی گئی۔ ٹورانٹو کے مسلمانوں نے سی۔ این۔ ای کی کوئین الزبتھ بلڈنگ میں اکٹھے ہو کر نماز عید ادا کی۔ ایک اندازے کے مطابق کم و بیش چھ ہزار مسلمانوں کا یہ عظیم اجتماع شمالی امریکہ کی تاریخ میں پہلی بار ایک ہی چھت کے نیچے خدائے برتر کے آگے سربسجود تھا۔ ایشیاء افریقہ یورپ اور امریکہ کے مسلمانوں کو خطاب کرتے ہوئے مشہور اسلامی کارکن ڈاکٹر ... نے کہا کہ اس جگہ ہمارا کوئی تشخص نہیں ہے ہم فلسطینی، ہندوستانی، پاکستانی، عرب یا افریقی نہیں ہیں بلکہ ہم سب مسلمان ہیں اور ہم کل بھی مسلمان تھے، آج بھی ہیں اور انشاءاللہ ہمیشہ مسلمان رہیں گے۔

جناب ... نے مسلمانوں کے اس کثیر اجتماع کو یہ ہدایت کی کہ ہم اس دیار میں اسلام کے سفیر ہیں اسلئے ہمارا کردار مثالی ہونا چاہیئے تاکہ دوسرے ہمارے ذریعے سے اپنا راستہ پا سکیں۔

معزز خطیب نے اس عظیم الشان اجتماع سے کہا کہ اس روز سعید پر ہمیں بالخصوص اپنے ان بھائی بہنوں کو نہیں بھولنا چاہیئے جو آج دنیا کے مختلف حصوں میں موجود بڑی مصیبت اور آزمائشوں کے ساتھ زندگی کا مقابلہ کر رہے ہیں جیسے فلسطینی، کشمیری، ہندوستانی، حبشی، افریقی اور امریکہ میں رہنے والے وہ مسلمان جن سے تعصب کا گھناؤنا سلوک کیا جاتا ہے۔

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
FOR TWO YEARS $10.00
SEND CHEQUES TO:

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME

ADDRESS

Postal code

PHONE #

U.S. cheques please add an additional 25¢ to cover service charges.